© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

● ہمارے بہت ہی کرم فرما اور مہربان قاری کریم نواز رحمۃ اللہ علیہ گزشتہ ماہ ملتان میں انتقال کر گئے۔ وہ ہجرت کر کے مکہ مکرمہ چلے گئے تھے اور تقریباً چالیس برس تک مسجد الحرام میں بچوں کو قرآن کریم پڑھاتے رہے۔ شیخ القراء حضرت مولانا قاری رحیم بخش پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردِ رشید، ابن امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ کے ہم درس اور ساتھی تھے۔ گزشتہ ماہ اپنے عزیزوں کو ملنے پاکستان تشریف لائے تو چند روزہ علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ جامعہ خیر المدارس ملتان میں نمازِ جنازہ ہوئی۔ حق تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور حسنات قبول فرمائے (آمین)

● مجلس احرارِ اسلام چیچہ وطنی کے دیرینہ کارکن ڈاکٹر محمد فیاض (شاکر کالونی) کے برادرِ خورد محمد ریاض 8 اور 9 اکتوبر کی درمیانی شب ارضِ مقدس سے وطن واپس آتے ہوئے جدہ میں انتقال کر گئے، ان کی نماز جنازہ 11۔ اکتوبر کو نماز جمعۃ المبارک کے بعد حرم شریف (مکہ مکرمہ) میں ادا کی گئیں۔

● مجلس احرار اسلام چیچہ وطنی کے قدیم رفیق، حافظ محمد اکرم مرحوم کی اہلیہ (محمد طیب کی والدہ ماجدہ) 8۔ اکتوبر کو انتقال کر گئیں۔

● ساہیوال محمودیہ ھائی سکول کے سنیئر استاد، جامعہ رشیدیہ کے سابق محاسب اور دار العلوم ختم نبوت چیچہ وطنی کے محاسب مولانا محمد دین شوق کی اہلیہ 25۔ اکتوبر کو انتقال کر گئیں، نماز جنازہ مسلم ٹاؤن ساہیوال میں 26۔ اکتوبر کو ادا کی گئی چیچہ وطنی سے عبداللطیف خالد چیمہ، قاری محمد قاسم، مولانا منظور احمد، حافظ حبیب اللہ رشیدی، بھائی محمد رمضان اور رانا قمر الاسلام نے شرکت کی، ساہیوال سے علماء وطلباء کی بڑی تعداد بھی شریک ہوئی۔

● ہمشیر مرحومہ قاری محمد سالک: ہمارے کرم فرما قاری محمد سالک (جہانیاں منڈی) کی ہمشیر صاحبہ ۵/ اکتوبر ۲۰۱۳ء بروز ہفتہ انتقال کر گئیں　　　● حضرت مولانا سیف الرحمٰن المہند (مکّہ مکرّمہ) کے بہنوئی گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

قارئین سے درخواست ہے کہ ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خصوصی اہتمام فرمائیں (ادارہ)

# دعائے صحت

● حضرت مولانا سیف الرحمٰن (المہند، مکّہ مکرّمہ) کی اہلیہ محترمہ علیل ہیں۔

● جناب عزیز الرحمٰن سنجرانی: مجلس احرارِ اسلام ضلع ملتان کے سابق ناظم ورکن مرکزی مجلس شوریٰ۔ ان دنوں شدید علیل ہیں

● حافظ محمد طارق: بہاول پور میں ہمارے مہربان اور کرم فرما، رفیقِ فکر ان دنوں گردوں کے عارضہ میں مبتلا ہیں۔

● چودھری محمد اکرام: مجلس احرارِ اسلام لاہور کے قدیم کارکن اور مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن۔ گزشتہ کئی ماہ سے علیل ہیں۔

● محمد بشیر چغتائی: مدرسہ معمورہ ملتان کے سابق سفیر اور مجلس احرار اسلام کے مخلص کارکن، گزشتہ تین برس سے علیل ہیں۔

● محترم قاری سیف الدین صاحب (ریاض، سعودی عرب) شدید علیل ہیں

● جناب امین اللہ شیخ (راولپنڈی) کافی عرصے سے علیل ہیں۔

قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو شفاءِ کاملہ عطاء فرمائے (آمین)



© rasailojaraid.com